No. 6279

اسلام آباد
۲ / جنوری ۱۹۷۸ء

مخدومی المحترم زید مجدکم !

بعد سلام مسنون و تحیات فراواں !!

اسلام آباد واپس آیا تو آپ کا گرامی نامہ ملا۔ آپکی عنایت بزرگانہ و کرم فرمائی کیلئے سراپا سپاس ہوں۔ وہاں باغ کی سیر کے علاوہ آپنے لب تشنہ تقریر کو اپنی گفتگو سے بھی شاد کام فرمایا اور اب آپ کی تحریر باصرہ نواز ہوئی -

میں نے مدرسۃ الاصلاح سے رابطہ قائم کر رکھا ہے لیکن آمدورفت کی دشواریاں حائل راہ ہیں - نہیں معلوم وہاں سے چیزوں کے آنے میں کتنی دیر لگے - میں نے مکرمی مولوی ممتاز صاحب سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ جا کر مطلوبہ کتابیں بھجوانے کی سعی بلیغ کریں۔ لیکن بنظر حالاتِ موجودہ توقع کم ہے کہ جلد کام ہو - کیا ہی اچھا ہوتا کہ کسی طرح آپ کی کتابیں آپ کے پاس واپس آ جائیں اور میں جلد کام سے لگ جاتا۔

" نا تمام یاد داشتوں " کی نسبت میرا ذاتی خیال ہے کہ مجھے کم از کم ایک نظر ان پر ضرور ڈالنی چاہیے اور مقالے کا ایک حصہ نہایت احتیاط کے ساتھ مولانا کے نا تمام کاموں کے ذکر کیلئے وقف ہونا چاہیے - اگر آپ اس سے اتفاق فرمائیں تو عملاً استفادہ کی ممکن صورت کی نشاندہی کر دیجئے تاکہ میں اس کے مطابق پروگرام بناؤں۔ میرے ذہن میں اسکی ممکن صورتیں یہ ہیں - فوٹو اسٹیٹ یا نقل نویس کرا کے ان کی ایک کاپی ادارے کی لائبریری کیلئے محفوظ کر لی جائے - انتظام اور مصارف کیلئے میں نے ادارے کی انتظامیہ کو راضی کر لیا ہے۔ آپ کی اجازت چاہیے - دوسری صورت یہ ہے کہ میں آ کر دیکھ لوں اور ضروری نوٹ وغیرہ تیار کر لوں - پہلی صورت اسلئے لائق ترجیح ہے کہ میں پورے اطمینان سے استفادہ کر سکوں گا - نیز مسودات کی ایک کاپی ایک جگہ اور بھی محفوظ ہو جائے گی- آپ اس باب میں اپنی رائے سے مطلع فرمائیے -

مکاتیب شبلی کی مکمل ورق گردانی کر کے میں نے اپنی سمجھ کے مطابق ضروری مواد نکال لیا ہے آپ نے جو کچھ کیا ہے اگر زحمت نہ ہو تو بھیج دیجئے اس سے مجھے فائدہ ہو گا۔

مجھے زیادہ فکر حصۂ حالات کے متعلق ہے جو باتیں چھپ کر محفوظ ہو گئی ہیں وہ تو میں جمع کر رہا ہوں - علم سینہ سے متعلق باتوں کا مسئلہ توجہ طلب ہے۔

آپ نے ملاقات میں اسکی دو تین صورتیں تجویز فرمائی تھیں۔ ان میں سے زیادہ بہتر صورت میری نظر میں یہ ہے کہ میں کچھ وقت آپکی کی خدمت میں گزاروں اور آپ سے املا لے لوں۔ آپ جب فرمائیں میں آ سکتا ہوں ۔ قیام و طعام کا بوجھ آپکے گھر والوں پر ڈالنا زیادتی ہو گی ۔ اگر معاملہ ایکا دو مہینے کا ہو تو میں اپنی بیوی کو ساتھ لاؤں اس طرح آپکے گاوں کی آبادی میں ایک گھر کا اضافہ ہو جائے گا۔ کیا ایکا دو ماہ کیلئے کوئی جگہ وہاں مل جائے گی ۔

میں کتاب کے عنوان اور خاکہ سے متعلق ۳ صفحے چھوڑ آیا تھا ۔ آپنے دیکھ لیا ہو گا۔ اس ضمن میں اپنے مشورہ سے سرفراز فرمائیے ۔ میں چاہتا ہوں کہ نام بہت اچھا ہو اور کتاب ترتیب اور حسن تناسب میں معیاری ہو ۔ خاکہ بالکل ابتدائی نوعیت کا ہے اس میں اخیر تک ردو بدل ہوتا رہے گا ۔ میرا علم اور مطالعہ ابھی محدود ہے۔ البتہ اگر آپ زحمت کر کے اسے از سر نو مرتب کر دیں تو میرا کام بہت آسان ہو جائے گا ۔ لاہور آنے کا پروگرام بتائیں تو مجھے مطلع فرمائیں تاکہ میں بھی آ جاوں اور مسودات کا معاملہ آگے بڑھے ۔

بیگم صاحبہ کی خدمت میں سلام

نیاز مند

شرف الدین اصلاحی

Issued
[illegible]
2/1/78.